1

رمضان پروگرام 2023

قصص القرآن

ڈاکٹر فرحت ہاشمی

قصص القرآن-ایک تعارف

• كَذَلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَاءِ مَا قَدْ سَبَقَ وَقَدْ آتَيْنَاكَ مِنْ لَدُنَّا ذِكْرًا (طه:99)

اسی طرح ہم آپ پر کچھ ان خبروں میں سے بیان کر رہے ہیں جو تحقیق پہلے گزر چکیں اور یقیناً ہم نے آپ کو اپنے پاس سے ذکر عطا کیا ہے۔

قصص القرآن

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

حمد و ثنا

اَلْحَمْدُ للهِ حَمْداً كَثيراً طَيِّباً مُبَارَكاً فِيهِ، مِلءَ السَّماوَاتِ ومِلءَ الأرضِ ومِلءَ مَا شاءَ مِن شَيءٍ بَعدُ،

اَلْحَمْدُ للهِ عَلَى نِعَمِهِ الْكَثِيرَةِ، وَعَطَائِه الجَزِيلِ، وفَضْلِهِ العَمِيمِ،

أَحمَدُهُ سُبحانَهُ حَمداً يَليقُ بِعظَمَتِهِ، ويُوافِي جُودَهُ وكَرَمَهُ،

لاَ إلٰهَ إلاَّ اللهُ وَحدَهُ لاَ شَريكَ لَه المتَفَرِّدُ بالعَطَاءِ والكَرَم

تمام قسم کی تعریف اللہ کے لیے ہے بہت زیادہ، پاکیزہ حمد اور بابرکت تعریف، آسمانوں اور زمینوں کو بھر کے اور ان کے بعد جو وہ چاہے اس کو بھر کر،

تمام قسم کی حمد اللہ کے لیے ہے اس کی بے شمار نعمتوں پر، اس کے بھاری عطیات پر اور اس کے اس فضل و مہربانی پر جو اس کی تمام مخلوق کو شامل ہے،

میں اللہ سبحانہ کی ایسی حمد کرتی ہوں جو اس کی عظمت کے لائق ہے اور جو اس کی سخاوت اور فضل و کرم کے اوپر پورا اترنے والی ہے،

اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، وہ عطا کرنے اور کرم نوازی کرنے میں اکیلا ہے۔

قصص

القِصَّة

لغوی معنی

- نشان قدم پر چلنا
- کسی کام کی تلاش میں جانا

قصص کے دیگر معانی

- بیان کرنا
- تذکرہ کرنا
- پختہ اور پر زور انداز میں کچھ کہنا
  - سابقہ حادثات وواقعات کو بیان کرنا/داستان سنانا
- واضح کرنا
- تفصیل بیان کرنا

قصص القرآن

وہ عبرت انگیز قصے ہیں جو قرآن میں اللہ تعالی نے اپنے رسول کے ذریعے بیان فرمائے

- پہلی امتوں کے احوال،انبیائے سابقین،حادثات اقوام ذکر فرمائے
- پھر قوموں، قبیلوں، شہروں اور بستیوں کے احوال بھی تاریخی طور پر بیان کیے،انہیں قصص القرآن کہا جاتا ہے۔
- اور ہر قوم کے آثار اور حالات وواقعات کو اللہ نے ان کو ایک بولتی ہوئی تصویر کی شکل میں نقل کیا ہے۔

• قرآن کریم کا اہم موضوع قصص اور واقعات ہیں۔

قصص القرآن کی اقسام

تین اقسام

1۔ انبیاء ورسل کے قصے

• قرآن کریم میں کل ستائیس (27) انبیاء علیہم السلام کے واقعات ذکر فرمائے گئے ہیں

2۔ انبیاء کے علاوہ دیگر لوگوں کے قصے

افراد اور گروہوں کے واقعات

لقمان کا قصہ

اس شخص کا قصہ جو ایک ایسی بستی سے گزرا جو اپنی چھتوں پر گری پڑی تھی

• ذوالقرنین کا قصہ، اصحابِ کہف کا قصہ

3۔ نبی ﷺ کے زمانے میں رونما ہونے والے واقعات

• غزوہ بدر، غزوہ احد، غزوہ احزاب، بنی قریظہ، بنی نضیر، زید بن حارثہ اور ابولہب وغیرہ کا قصہ

قصص القرآن کی اہمیت

اللہ تعالی کا قصہ بیان کرنے کو اپنی ذات کی طرف منسوب کرنا

• كَذَلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَاءِ مَا قَدْ سَبَقَ وَقَدْ آتَيْنَاكَ مِنْ لَدُنَّا ذِكْرًا (طه:99)

اسی طرح ہم آپ پر کچھ ان خبروں میں سے بیان کر رہے ہیں جو تحقیق پہلے گزر چکیں اور یقیناً ہم نے آپ کو اپنے پاس سے ذکر عطا کیا ہے۔

اللہ تعالی کا نبی ﷺ کو قصہ بیان کرنے کا حکم دینا

• فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ

[الاعراف:175]

آپ قصے بیان کرتے رہیں شاید کہ یہ لوگ کچھ غور و فکر کریں۔

انبیاء کا اپنے سے پہلی اقوام کے قصے بیان کرنا

• جیسے شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا:

• وَيَا قَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِي أَنْ يُصِيبَكُمْ مِثْلُ مَا أَصَابَ قَوْمَ نُوحٍ أَوْ قَوْمَ هُودٍ أَوْ قَوْمَ صَالِحٍ وَمَا قَوْمُ لُوطٍ مِنْكُمْ بِبَعِيدٍ (هود: 89)

اور اے میری قوم! میری مخالفت تمہیں اس بات پر ہرگز آمادہ نہ کرے (کہ تم اللہ کی نافرمانی پر اتر آؤ) اور تمہیں (بھی) ان کی مانند (عذاب) پہنچے جیسا قوم نوح یا قوم ہود یا قوم صالح کو پہنچا اور قوم لوط تو تم سے کچھ دور بھی نہیں۔


قصص القرآن
بہترین قصے
تبلیغ کا انداز
نفع بخش قصے
عبرت آموز
نصیحت بھرے
تاریخی حقائق
ترغیب کا باعث
برحق
ثابت قدمی
پُراطمینان
اسلوب
نہایت مؤثر
سچے قصے
عبرت آموز
قرآن کی سچائی
نفع بخش قصے
دل کی مضبوطی کا
باعث
تربیتی پہلو
قرآن کی بلاغت
غور و فکر
عملی نمونہ

قصص القرآن	عام قصے
بامقصد	بے مقصد
سچے	من گھڑت
تربیتی پہلو	وقت کا ضیاع
غور و فکر پر ابھارنے والے	ذہنی آوارگی کا باعث
بہترین قصے	فضول کہانیاں
عبرت آموز	عبرت سے عاری
عملی نمونہ	غیر عملی نمونہ
اطمینان کا باعث	بے چینی کا باعث